اُردو (لازمی)۔9th (2011ء)

نوٹ: اس پرچہ کی تین سیکشنز ہیں۔احتیاط سے پڑھ کردی گئی ہدایات کے مطابق حل کریں۔سیکشن۔الف کے تمام سوالات حل کریں اور مقررہ وقت میں سپرنٹنڈنٹ کے حوالے کریں چاہے آپ نے کوئی بھی سوال حل نہ کیا ہو۔درست جواب کا انتخاب کر کے جوابی خانہ میں صرف الف، ب، ج یا د جو بھی موزوں ہو لکھیں۔

سیکشن۔الف

وقت: 20 منٹ — کل نمبر: 15

1. کرنیلوں کو رہنے کیلئے اکثر خاصے عمدہ.......... کلاس بنگلے ملتے ہیں۔
(الف) اے (ب) بی (ج) سی (د) ڈی

2. مرزا نوروز حیدر اپنے لختِ جگر کی حالت دیکھ کر.......... میں آ گئے۔
(الف) جوش (ب) ہوش (ج) سکتے (د) غصے

3. ماہِ عالم ایک.......... کا نام تھا۔
(الف) فقیر (ب) شہزادے (ج) بادشاہ (د) وزیر

4. جاپانی دنیا کے بہترین.......... مانے گئے ہیں۔
(الف) سائنسدان (ب) لوگ (ج) لیڈر (د) نقال

5. مجاہدوں کو پہنچتی ہے.......... سے امداد۔
(الف) غیر (ب) گھر (ج) غیب (د) اپنوں

6. ''ملی نغمہ'' کے شاعر کا نام.......... ہے۔(الف) احسان دانش (ب) بہزاد لکھنوی (ج) اقبال (د) جمیل الدین عالی

7. جاپان کی سرزمین.......... پر واقع ہے۔
(الف) ہموار سطح (ب) صحرائی سطح (ج) آتش فشاں (د) نشیبی سطح

8. الغرض ہمارے بنگلے کا مزاج ہر زاویے سے.......... تھا۔
(الف) امیرانہ (ب) غریبانہ (ج) شاہانہ (د) فقیرانہ

9. ''گلی ڈنڈا'' کا مصنف.......... ہے۔
(الف) خواجہ حسن نظامی (ب) عبدالحق (ج) امتیاز علی تاج (د) پریم چند

10. نظیر اکبر آبادی کی نظم ''توکل'' میں کل کتنے بند ہیں؟
(الف) 5 (ب) 6 (ج) 7 (د) 8

11. ''پرندہ اُڑا'' فعل.......... ہے۔
(الف) متعدی (ب) ماضی جاری (ج) لازم (د) حال

12. ''کسی صورت نمودِ سوزِ پنہانی نہیں جاتی''.......... کا مصرع ہے۔
(الف) میر (ب) ظفر (ج) ادا جعفری (د) جگر

13. حسرت موہانی کی.......... غزل اغزلیں شاملِ نصاب ہیں۔
(الف) ایک (ب) دو (ج) تین (د) چار

14. شاملِ نصاب ''گاندھی کے نام خط'' کس کا لکھا ہوا ہے؟
(الف) اکبر آلہ آبادی (ب) سید سلیمان ندوی (ج) علامہ اقبال (د) مولوی عبدالحق

15. کا، کے، کی حروف.......... ہیں۔
(الف) جار (ب) عطف (ج) اضافت (د) مقطعات

سیکشن۔ب

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ — کل نمبر: 36

1۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف نو اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کریں۔تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i. اسلام سے پہلے معاشرے میں عورتوں کا کیا مقام تھا حضورؐ نے اس ضمن میں کیا ارشاد فرمایا؟

ii. حادثے کے روز جو دریا کا منظر تھا اُسے اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

iii. پروفیسر مسعود کا پاس لے جانے پر نمائش میں مہمان کس مصیبت میں گرفتار ہوا؟

iv. لارڈ کرزن نے نور خاں کی تعریف کس طرح کی؟

v. قائدِ اعظم کی جلسہ گاہ میں تشریف آوری کی شان اپنے الفاظ میں بیان کریں؟

vi. مذکر مؤنث الگ کیجئے۔آرام، تاکید، وعدہ، خاموشی

vii. اعراب لگایئے۔ نمائش، معمے، تعجب، جہنم

viii. نظم ''درہ خیبر'' کا خلاصہ لکھئے۔

ix. نظم ''مسلمانانِ الجزائر'' کے ذریعے شاعر نے ہمارے قومی مزاج کا کونسا پہلو اجاگر کیا ہے؟

x. الفاظ و محاورات کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔جلتی پہ تیل چھڑکنا، قدغن، قباحت، ضیافتِ طبع

xi. مصنف نے گیا کے متعلق یہ کیوں کہا کہ ''وہ بڑا ہو گیا ہے، میں چھوٹا ہو گیا ہوں''؟

xii. مندرجہ ذیل کے متضاد لکھئے۔حقیقت، آباد، نادانی، خشک

سیکشن۔ج

کل نمبر: 24

نوٹ: مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے مفصل جوابات تحریر کریں۔تمام سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

2۔ مصنف، متن اور سبق کا حوالہ دیکر صرف ایک جز کی تشریح کیجئے۔

(الف): ٹوکیو میں خرید و فروخت کا مزا اس لئے زیادہ آتا ہے کہ اشیاء کی تعداد بہت زیادہ ہے۔دکانیں حسین، بیچنے والیاں خندہ لب اور خوب رُو، اس پر طرّہ یہ ہے کہ دو پیسے کی چیز کو بھی نہایت نفاست سے نہایت دلکش کاغذ میں تربن سے لپیٹ دیں گی اکثر وہ کاغذ اس قدر حسین رنگ اور نمونے کا ہوتا ہے کہ جی چاہتا تھا کہ کھول کر اندر نظر نہ ڈالی جائے یا کاغذ رکھ لے اور چیز پھینک دے۔

(ب) مولوی صاحب بہت باقاعدہ عادتوں کے مالک تھے صبح کی چہل قدمی سے رات کی مشق تک ان کا روزانہ ایک ہی سا پروگرام ہوتا تھا۔راتوں کو جاگتے نہیں تھے نیند پوری لیتے تھے اور صبح تازہ دم اُٹھتے تھے نوے سے اوپر ہو گئے تھے مگر صحت اچھی تھی ہمارا اندازہ تھا کہ سو پار کر جائیں گے مگر ابھی سو میں پانچ چھ سال باقی تھے کہ بیمار رہنے لگے مرض تشخیص نہیں ہوتا تھا خیال تھا کہ ہاضمے کی شکایت ہوگی جو کراچی میں عام ہے مگر جب مرض بڑھتا گیا تو ہسپتال میں داخل ہو گے، افاقہ نہیں ہوا۔

3. نظم اور شاعر کا حوالہ دے کر ایک نظم پارے کی تشریح کریں۔

(الف): رنگین غلافوں میں چھپائے ہیں جنہیں ہم — رُوحوں کے وہ آزار خدد یکھ رہا ہے۔
گر غایت گفتار سے مسحور ہے محفل — رنگینی گفتار خدد یکھ رہا ہے

(ب) بیویوں، ماؤں، بہنوں کی نظریں — تم کو دیکھیں تو یوں جگمگائیں
جیسے خاموشیوں کی زباں میں — دے رہی ہوں وہ تم کو دعائیں

4. شاعر کا حوالہ دے کر ایک جز کی تشریح کریں۔

(الف): دیدنی ہے شکستگی دل کی — کیا عمارت غموں نے ڈھائی ہے
بے ستوں کیا ہے کوہ کن کیسا — عشق کی زور آزمائی ہے

(ب): تیری آنکھوں نے خدا جانے کیا کیا جادو
کہ طبیعت میری مائل کبھی ایسی تو نہ تھی
عکس رخسار نے کس کے ہے تجھے چمکایا
تاب تجھ میں مہِ کامل کبھی ایسی تو نہ تھی

5. اپنے نئے کرایہ داروں کے متعلق اپنے خالو جان کو خط لکھئے۔

(یا)

ماں بیٹی کے مابین فیشن کے نقصانات پر ایک مکالمہ لکھئے۔

☆☆☆☆

www.ilmkidunya.com